سوال

بچے کا نام

جواب

محمد حم نام رکھنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سوال : میں نے اپنے بیٹے کا نام محمد حم رکھا ہے ، (حم ۔ تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ) جو کہ پیارے نبی کے ناموں میں سے ایک نام ہے پھر بھی کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ نام ٹھیک نہیں اگر ایسا ہے تو قرآن وسنت کی روشنی میں رہنمائی فرمائیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ یہ نام رکھنے میں بظاہر کوئی ممانعت نہیں ہے ، لیکن رسول اللہ کے دوناموں کو ملا کر ایک نام رکھنے کی حکمت سمجھ میں نہیں آتی ۔ محمد بھی آپ کا نام ہے اور حم بھی آپ کا نام ہے ، آپ ان دونوں میں سے کسی ایک کو منتخب کر لیں ، یا صرف محمد رکھ لیں ، یا صرف حم رکھ لیں ۔ ھذا ما عندی واللہ علم بالصواب محدث فتویٰ فتوی کمیٹی